حق پرست عوام رئیسہ موہانی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔26، اپریل 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مہاجر رابطہ کونسل کی رکن محترمہ رئیسہ موہانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ رئیسہ موہانی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حق پرست اراکین پارلیمنٹ
سید مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی چھٹی برسی منائی گئی
ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں برسی کا اجتماع
رابطہ کمیٹی، اراکین اسمبلی اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔26، اپریل 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ایم کیوایم حق پرست ارکان پارلیمنٹرین سید مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی چھٹی برسی آج بعد نماز ظہر انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی جس میں سید مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی اورانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی چھٹی برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انورعالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین سید شعیب احمد بخاری، بابر خان غوری، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم رضا، نیک محمد، اشفاق منگی، شاہد لطیف، آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، حق پرست سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابق اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، کراچی کے مختلف سیکٹرز اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران کارکنان، ہمدردوں ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی اہلیہ، بھائی انبساط ملک اور شہداء کے دیگر لواحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں مولانا شاہ فیروز الدین نے اجتماعی دعائیں کرائی جس میں سید مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید سمیت تمام شہداء کی مغفرت، ان کے بلند درجات، تحریک کی کامیابی، سازشوں کے خاتمے، اسیروں کی رہائی، ملک کی سلامتی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، اپریل 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن نعیم باری کے والد ندیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے 3 رکنی وفد کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔26، اپریل 2008ء۔۔۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے پروگرام کوآرڈی نیٹر محمد اعجاز خان، کونسل رکن اسد اقبال اور قاضی صلاح الدین نے ہفتہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری اور شاہد لطیف سے ملاقات کی۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے وفد کی یہ ملاقات پاکستان میں انتخابات کے بعد حکومت سازی کا مرحلہ مکمل ہونے پر ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی

جانب سے جاری کئے گئے پالیسی اعلامیہ پرمختلف سیاسی جماعتوں کے ردعمل لینے کے سلسلے میں ہوئی۔اس موقع پر سندھ اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پالیمانی لیڈر رسید سردار احمداور رکن قومی اسمبلی حیدعباس رضوی بھی موجود تھے۔ملاقات میں وفد نے بین الاقوامی انسانی حقوق میں پاکستان کی شمولیت، دیہی علاقوں میں انسانی حقوق کی صورتحال، خواتین، ہاریوں، کسانوں کے ساتھ ناروا سلوک، وراثت کے معاملات، ریاستی اداروں کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنانے والے طبقات کے حقوق اور دیگر پالیسی اعلامیہ کے نکات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے مجموعی طور پر ملک میں جمہوریت کے قیام، اس کے فروغ اور مفاہمتی عمل کو ہر حال میں کامیاب بنانے کا جو بیڑا قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اٹھایا ہے وہ جاری رہے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا کردار خیر سگالی کے جذبات، غیر مشروط تعاون اور حمایت سے تعبیر ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو ملک میں 100 دن کے دوران امن وامان، بجلی، بیروزگاری، پیٹرولیم اور خطے کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے پوری توانائی سے کام کرنا چاہئے۔اس موقع پر ملک کی مجموعی سیاسی وسماجی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور بھی زیر بحث آئے۔

ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا، لیاقت اباداور سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن آفاق رشید کی والدہ رضیہ سلطانہ، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن عارف حسین کی ہمشیرہ نورین اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر شیر ٹاؤن یونٹ کی کمیٹی کے رکن احسان اللہ کے بڑے بھائی عنایت اللہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆